معلومات شامل کرنا
یوکے کی خاندانی زندگی کو اور بھی بہتر طریقے سے سمجھنے میں ہماری مدد کریں

آپ کے معمول کے ریکارڈز سے معلومات شامل کرنا

سرکاری محکمے اور ایجنسیاں (جیسے NHS) پہلے سے ہی ہم سب کے ریکارڈ رکھتی ہیں۔ اسی طرح وہ خدمات کی منصوبہ بندی کرتی ہیں اور انہیں فراہم کرتی ہیں۔ آپ کی اجازت سے، ہم آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں درج ذیل معلومات کو آپ کے مطالعے کے جوابات میں شامل کرنا چاہیں گے:

- **ہیلتھ ریکارڈز:** جیسے کہ اسپتال اور GP کے دورے، نسخے، صحت کی حالتیں اور اموات کا ڈیٹا۔
- **ایجوکیشن ریکارڈز:** جیسے کہ امتحان کے نتائج، اسکول یا کالج کی حاضری، خصوصی تعلیم کی ضروریات، اور چائلڈ کیئر کا استعمال۔
- **سوشل کیئر ریکارڈز:** جیسے کہ سماجی خدمات، سوشل ورکرز اور سوشل کیئر کا تجربہ۔

معلومات شامل کرنے کے بارے میں ایک چھوٹی سی ویڈیو دیکھنے کے لیے یہاں اسکین کریں:

برطانیہ میں ایجوکیشن ریکارڈز کو استعمال کرتے ہوئے کی گئی تحقیق سے ظاہر ہوا کہ گرمیوں میں پیدا ہونے والے بچوں کو اپنی جماعت میں ان سے زیادہ عمر کے بچوں کے مقابلے میں نقصان کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ان نتائج کی وجہ سے برطانیہ کی اسکول ایڈمیشن پالیسی میں تبدیلی آئی – بچے اب چار کے بجائے پانچ سال کی عمر میں اسکول جانا شروع کر سکتے ہیں۔ ویلز، اسکاٹ لینڈ اور ناردرن آئرلینڈ میں پہلے ہی ایسی پالیسیاں موجود ہیں۔

ہم ایسا کیوں کرنا چاہتے ہیں؟

معمول کے ریکارڈز سے معلومات شامل کرنے سے معلومات میں موجود خلا کو پُر کرنے میں مدد ملتی ہے اور اضافی تفصیلات فراہم ہوتی ہیں، مثلاً خاندان خدمات کا استعمال کیسے کرتے ہیں—جس سے محققین کو آپ کی زندگیوں کی زیادہ مکمل تصویر حاصل ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہمیں آپ کے انٹرویو میں اتنے زیادہ سوالات پوچھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔
ہیلتھ، ایجوکیشن اور سوشل کیئر کے ریکارڈز کو آپ کی سروے کی معلومات کے ساتھ ملا کر، محققین ان جیسی چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں:

- گھریلو زندگی اور چائلڈ کیئر کا بچوں کے اسکول کے لیے تیار ہونے پر کیا اثر پڑتا ہے؟
- چھوٹے بچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے اپنی ضرورت کی ہیلتھ کیئر اور دیگر مدد حاصل کرنا کس وجہ سے مشکل ہو سکتا ہے؟
- ہم ان والدین کی کس طرح بہتر مدد کر سکتے ہیں جو کیئر میں بڑے ہوئے ہیں، اور ان خاندانوں کی جو چلڈرنز سروسز سے مدد لے رہے ہیں؟

کیا آپ جانتے ہیں: پسماندہ نوجوان مینٹل ہیلتھ سپورٹ سے محروم رہ سکتے ہیں۔ محققین نے نوجوانوں کی جانب سے اپنی مینٹل ہیلتھ کے بارے میں کہی گئی باتوں کا NHS ریکارڈز کے ساتھ موازنہ کر کے یہ دریافت کیا۔

24-030189/M-F1 (Urdu)

روٹین ریکارڈز سے معلومات شامل کرنے کے بارے میں کون فیصلہ کرتا ہے؟

یہ آپ کی مرضی ہے کہ آپ ان تمام ریکارڈز میں سے، کچھ ریکارڈز میں یا کسی بھی ریکارڈ میں معلومات شامل کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ ہم ایسا صرف آپ کی اجازت سے کریں گے۔ آپ جو بھی فیصلہ کریں، آپ پھر بھی مطالعے میں حصہ لے سکتے ہیں اور آپ کسی بھی وقت اپنا ارادہ بدل سکتے ہیں۔

آپ کی اجازت کب ختم ہوتی ہے؟

ہم آپ اور آپ کے بچے کے ماضی، حال اور مستقبل کے حالات کے بارے میں ریکارڈز شامل کریں گے۔ جب تک آپ ہمیں روکنے کے لیے نہیں کہتے، ہم ایسا کرنا جاری رکھیں گے، چاہے آپ مستقبل کے انٹرویوز میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کریں یا ہمارا آپ سے رابطہ ختم ہو جائے۔

صرف وہ والدین جو طویل انٹرویو کریں گے، ان سے آپ کے بچے کے ریکارڈز کو منسلک کرنے کے بارے میں پوچھا جائے گا، اس لیے آپ اپنے بچے کے دوسرے والدین کے ساتھ اس بارے میں بات کرنا چاہیں گے۔

آپ کے بچے کے لیے دی گئی اجازت میں 14 سال کی عمر تک کے ہیلتھ ریکارڈز اور 16 سال کی عمر تک کے ایجوکیشن ریکارڈز شامل ہیں۔ انگلینڈ، ویلز اور اسکاٹ لینڈ میں سوشل کیئر ریکارڈز کے لیے اجازت 16 سال کی عمر تک ہے اور ناردرن آئرلینڈ میں یہ 14 سال کی عمر تک ہے۔ آپ کا بچہ بڑا ہونے پر خود فیصلہ کر سکتا ہے۔

آپ کی رہائش کی جگہ کے بارے میں معلومات

ہم آپ کے مقامی علاقے اور گھر کے بارے میں بھی معلومات شامل کرنے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں، جیسے کہ ہوا کی آلودگی، سبز جگہیں، قریبی خدمات، اور گھریلو توانائی کی کارکردگی۔ اس سے محققین کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ ماحول آپ کے بچے کی صحت اور نشوونما پر کیسے اثر ڈالتا ہے۔ اس میں سے بہت سی معلومات عوامی طور پر دستیاب ہیں اور یہ آپ کے بارے میں انفرادی سطح کی معلومات نہیں ، اس لیے ہم انہیں شامل کرنے کے لیے آپ کی اجازت نہیں مانگتے۔ ہم مطالعے میں حصہ لینے والے ہر فرد کے لیے ایسا کرنے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ تاہم، آپ اس کتابچے کے پچھلے حصے پر دی گئی تفصیلات استعمال کرتے ہوئے اس سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

آپ کی پرائیویسی اہم ہے

معلومات شامل کرنے کا کام **محفوظ اور خفیہ طریقے سے** کیا جاتا ہے۔ آپ کے لیے درست معلومات کاموازنہ کرنے کی خاطر صرف محدود ذاتی تفصیلات، جیسے کہ آپ کا نام اور پتہ، استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ کام قابلِ بھروسہ تنظیموں اور ماہر محققین کی جانب سے محفوظ ماحول میں کیا جاتا ہے۔ تحقیق کے لیے استعمال کیا جانے والا مشترکہ ڈیٹا(آپ کے مطالعے کے جوابات اور اضافی معلومات) میں **کبھی بھی ایسی کوئی ذاتی تفصیلات شامل نہیں کرتا جو آپ کی شناخت ظاہر کریں۔** جمع کیا گیا تحقیقی ڈیٹا UK Data Service، UK Longitudinal Linkage Collaboration اور دیگر ایسی خدمات کے ذریعے محققین کو دستیاب کروایا جاتا ہے۔ مزید پڑھیں: gnestudy.info/privacy

آپ کی مطالعے کی معلومات ان تنظیموں سے پوری طرح خفیہ رہتی ہے جو وہ خدمات یا فوائد فراہم کرتی ہیں جنہیں آپ یا آپ کا بچہ استعمال یا حاصل کر سکتا ہے۔

کیا کوئی سوال ہے؟

- gnestudy.info/adding-information پر جائیں
- آپ کا انٹرویو لینے والا آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے میں خوشی محسوس کرے گا، یا آپ مطالعے کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں: 0800 151 0610 پر کال کریں یا gnestudy@ipsos.com پر ای میل کریں۔